اردو

آپ کی مقامی پارلیمنٹ کے بارے میں



آسٹریلین کیپیٹل ٹیریٹری (ACT) کے لیے قانون ساز اسمبلی ACT کی پارلیمنٹ ہے اور یہ Civic میں 196 لندن سرکٹ میں واقع ہے۔



یہ اسمبلی ACT (جس میں کینبرا بھی شامل ہے) کے لیے قوانین بناتی ہے۔ یہ وفاقی پارلیمنٹ سے مختلف ہے جو پورے آسٹریلیا کے لیے قوانین بناتی ہے۔

یہ اسمبلی 25 ممبران قانون ساز اسمبلی (ایم ایل ایز) پر مشتمل ہوتی ہے جو 5 مختلف انتخابی حلقوں سے منتخب کیے جاتے ہیں۔



انتخابات ہر 4 سال بعد ہوتے ہیں اور الیکشنز ACT نامی ایک آزاد گروپ ان کے انعقاد کے لیے نظم و نسق کرتاہے۔ ووٹنگ کو آزادانہ اور منصفانہ بنانے کو یقینی بنانے کے لیے سخت قوانین موجود ہیں۔

انتخابات کے بعد اسمبلی ایک ایم ایل اے کو وزیر اعلیٰ کے طور پر منتخب کرتی ہے۔ وزیر اعلیٰ دوسرے ایم ایل ایز کو ACT حکومت میں بطور وزیر تعینات کرتے ہیں۔

اس کا کام کیا ہوتا ہے؟



اراکین کا انتخاب ووٹرز کی نمائندگی کے لیے کیا جاتا ہے۔ تمام 25 اراکین کو ہر 4 سال بعد انتخابات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اس لیے ووٹرز کو حتمی طاقت حاصل ہوتی ہے۔ رائے دہندگان کی جانب سے اراکین ان قوانین پر غور کرتے اور انہیں پاس کرتے ہیں جو ACT کو ایک بہتر جگہ بناتے ہیں۔

اسمبلی ACT حکومت کے کام کی چھان بین کرکے کو اسےجوابدہ رکھتی ہے۔ اس میں ہر اجلاس کے دن وزراء سے موقع پر سوالات پوچھنا، انکوائریاں کرنا، اور حکومت کے سالانہ بجٹ (مجوزہ اخراجات) کا جائزہ لینا شامل ہے۔

کمیٹیاں ایم ایل ایز کے چھوٹے گروپ ہیں جو معاملات کو تفصیل سے دیکھتے ہیں۔ ہر بل (مسودہ قانون) جو اسمبلی میں پیش کیا جاتا ہے اس کی یہ دیکھنے کے لیے جانچ پڑتال کی جاتی ہے کہ وہ انسانی حقوق کے قانون سے مطابقت رکھتا ہے اور اچھی طرح سے لکھا ہوا ہے۔ کمیٹیاں موجودہ مسائل کی بھی تحقیقات کر سکتی ہیں اور اکثر عوامی رائے طلب کرتی ہیں۔

آپ کیسے شامل ہو سکتے ہیں؟

یقینی بنائیں کہ آپ ووٹ دینے کے لیے رجسٹرڈ ہیں۔ ایسا کرنے کے لیے آپ کا آسٹریلیا کا شہری ہونا ضروری ہے۔ شہریوں کے لیے ووٹ ڈالنا لازمی ہے۔

aec.gov.au/enrol

ACT میں جمہوریت میں حصہ لینے کے بہت سے دوسرے طریقے ہیں۔ اس عمل میں شامل ہونے کے لیے آپ کو شہری ہونے کی ضرورت نہیں ہے

آپ ہمارے مفت عوامی دورے میں شامل ہو سکتے ہیں یا کسی تعلیمی پروگرام میں شرکت کر سکتے ہیں۔

آپ اپنی کمیونٹی میں کسی مسئلے کے بارے میں پٹیشن کی شروعات یا اس پر دستخط کر سکتے ہیں۔

آپ گذارشات جمع کروا سکتے ہیں یا اس بارے میں پڑھ سکتے ہیں کہ کمیٹیاں کیا کر رہی ہیں۔

آپ ہماری ویب سائٹ پر 2011 کے بعد سے تمام مباحثوں کی ویڈیوز دیکھ سکتے ہیں۔

آپ اجلاس کے کسی دن اسمبلی کا دورہ کرسکتے ہیں اور اسے دیکھ سکتے ہیں۔

آپ قانون ساز اسمبلی کے کسی ممبر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔